© rasailojaraid.com

بعد فصلِ دوم میں یہ وضاحت کی گئی ہے کہ اسماء اللہ الحسنٰی کے معانی کیا ہیں اور ان کے بارے میں خود اللہ رب العزت اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وبارک وسلم نے کیا فرمایا ہے؟

اسماء اللہ الحسنٰی کو ترتیب دینے، اور ان کے معانی ومفاہیم بیان کرنے میں علمی وفکری اعانت کا ماخذ احادیثِ نبویہ (صلی اللہ علیہ وسلم) ہیں۔ دلائل بیان کرتے وقت قرآن حکیم کو پیشِ نظر رکھا گیا ہے۔ اور انہی معروضات کی صحت کے اثبات میں تابعینؒ اور ان کے بعد کے علمائے کرام کے ارشادات پیش کیے گئے ہیں — طوالت واختصار دونوں سے گریز کیا گیا ہے۔

بارگاہِ الٰہی میں دعا ہے، اے دعاؤں کو قبول کرنے والے، میری اس کتاب کو پرتاثیر بنا، اپنے بندوں کے لیے اسے، زیادہ سے زیادہ نفع رسانی مقدر کر کہ تو ہی بہتر عطا کنندہ ہے — آمین!

محمد عجاج الخطیب

(جاری ہے)

## درخواست دُعائے مغفرت

ملک کے معروف ادیب، اہلحدیث عالمِ دین مولانا عبدالرحمان عزیز الہ آبادی (خطیب مرکزی مسجد اہلحدیث حسین خانوالہ چک ۵ تتو کی ضلع قصور) کی رفیقۂ حیات بعارضۂ فالج مورخہ ۸ جولائی بروز بدھ وفات پا گئی ہیں — انا للہ وانا الیہ راجعون!

مرحومہ نہایت نیک سیرت، پابندِ صوم وصلوٰۃ اور انتہائی مہمان نواز خاتون تھیں۔ مولانا، آپ کے اہلِ خاندان اور آپ کی اولاد کے لیے یقیناً یہ ایک عظیم صدمہ ہے —

قارئین کرام سے مرحومہ کے لیے جنازہ غائبانہ اور دعائے مغفرت، جبکہ لواحقین کیلیے صبرِ جمیل کی دعا کی درخواست ہے — دعا ہے اللہ رب العزت اپنی شانِ کریمی سے مرحومہ کی بشری کمزوریوں سے درگزر فرماتے ہوئے انہیں اپنے جوارِ رحمت میں جگہ دیں — آمین!

(ادارہ "حرمین")

© rasailojaraid.com